Department of Social Services

DSS خدمات اور مراعات

نقد اعانت

نیویارک کے اہل باشندوں کو مالی اعانت اور معاونت فراہم کرتا ہے۔*

ACCESS HRA

تکملاتی غذائی معاونت کا پروگرام (Supplemental Nutrition Assistance Program)

(SNAP، جو "فوڈ اسٹیمپس" کے طور پر بھی معروف ہے)

کم آمدنی والے نیو یارک کے باشندوں کو کھانا خریدنے کے لیے مالی معاونت فراہم کرتا ہے۔*

ACCESS HRA

طبی بیمہ

نیو یارک کے ان باشندوں کو عوامی صحت کا بیمہ فراہم کرتا ہے جو کسی معذوری کے شکار یا نابینا ہیں یا وہ جو 65 سال سے زائد عمر کے ہیں۔

کیریئر کی خدمات

نقد اعانت حاصل کرنے والے نیو یارک کے باشندوں کو تربیت، تعلیم اور ملازمت کے مواقع سے منسلک کرنے کے ذریعے کیریئر کی راہ تلاش کرنے اور اس پر عمل کرنے میں بھی ان کی مدد کرتی ہیں۔

امداد اطفال کی خدمات

یقینی بناتا ہے کہ بچوں کو دونوں والدین کا مالی تعاون حاصل ہو۔ غیر تولیتی والدین کو ملازمت تلاش کرنے اور معاونت طفل کی زیرالتواء ادائیگیوں میں بھی مدد کرتا ہے۔

ہنگامی پناہ گاہ

محفوظ عارضی پناہ گاہ فراہم کرتا ہے اور بے گھری سے دوچار نیو یارک کے باشندوں کو مناسب رہائش سے منسلک کرتا ہے۔

کرایہ میں اعانت

(رواں اور ہنگامی)

بے گھر ہونے سے بچانے کے لیے کرائے کی مدد میں ہنگامی اور رواں بنیادوں پر سبسڈی فراہم کرتا ہے اور بے گھر خاندانوں اور افراد کو پناہ گاہ سے منتقل ہونے میں مدد دیتا ہے۔

قانونی خدمات

کم آمدنی کے حامل نیو یارک کے ایسے باشندگان کو مفت یا کم قیمت پر قانونی خدمات فراہم کرتا ہے جو بے دخلی یا امیگریشن یا بے روزگاری کے مسائل کا شکار ہیں۔

ہوم بیس

ایک ایسا کمیونٹی پر مبنی پروگرام ہے جو بے دخلی کے خطرے سے دوچار نیو یارک کے باشندوں کو خدمات کے وسیع سلسلے سے جوڑتا ہے جس میں بے دخلی کی روک تھام، سرکاری مراعات حاصل کرنے میں مدد اور بہت کچھ شامل ہے۔

FLY-1128 (U)

معاون رہائش

معاونت کے حامل رہائشی حل تیار کرتا ہے جس کے تحت ماضی میں بے گھر ہونے والے افراد اور خاندانوں کے لیے کم قیمت پر رہائش کو موقع پر دستیاب ایسی خدمات کے ساتھ یکجا کیا جاتا ہے جو کلائنٹس کی مخصوص ضروریات کے مطابق ہوتی ہیں۔

گھریلو توانائی میں اعانت (Home Energy Assistance, HEAP)

کم آمدنی والے مکان مالکان اور کرایہ داروں کو حرارتی ایندھن، ساز و سامان، اور مرمتی بلوں کی ادائیگی میں مدد کرتا ہے۔

NYC میں منصفانہ کرائے (Fair Fares NYC)

کم آمدنی والے نیو یارک کے باشندوں کے نقل و حمل کے اخراجات میں مدد کرنے کے لیے، سب وے، اہل بسوں کے کرائے اور ایک سواری تک رسائی کے ٹرپس پر 50% رعایت دیتا ہے۔**

FAIR FARES NYC

IDNYC

نیو یارک شہر کے سبھی باشندوں کے لیے ایک مفت شناختی کارڈ ہے۔ IDNYC کارڈ حاملین نیو یارک شہر نیز کاروباروں کے ذریعہ پیش کردہ خدمات اور پروگراموں تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

HIV/AIDS خدمات (HASA)

HIV یا AIDS کے ساتھ زندگی گزارنے والے افراد کے لیے گہرائی میں کیس کا انتظام، سرکاری مراعات اور خدمات فراہم کرتا ہے۔

تحفظ بالغان کی خدمات (Adult Protective Services, APS)

ایسے کلائنٹس کے لیے خدمات اور معاونت کا انتظام کرتا ہے جو اپنے گھروں میں بحفاظت اور آزادانہ طور پر زندگی گزارنے کے لیے درکار ضروریات جیسا کہ غذا اور سر پر چھت کے حصول کی قابلیت نہیں رکھتے۔

گھریلو تشدد سے متعلق خدمات

گھریلو تشدد سے متاثرہ افراد اور ان کے بچوں کے لیے عارضی رہائش، ہنگامی پناہ گاہ اور معاون خدمات فراہم کرتا ہے۔

ہنگامی غذائی خدمات

سوپ کچنز اور فوڈ پینٹریز سمیت، شہر بھر میں سینکڑوں ایمرجنسی فیڈنگ پروگرامز کو فنڈ فراہم کرتا ہے۔

تدفین میں اعانت

نیو یارک شہر کے کم آمدنی والے متوفی باشندوں کی آخری رسومات کے اخراجات کی ادائیگی کے لیے خاندانوں کو مالی معاونت فراہم کرتا ہے۔

گھر پر نگہداشت کی خدمات

Medicaid کی جانب سے مالی اعانت یافتہ ایسے طویل مدتی نگہداشت کے پروگراموں تک رسائی فراہم کرتا ہے جو عمر رسیدہ یا معذور افراد کو نرسنگ ہوم کے بجائے گھر میں بحفاظت رہنے میں مدد دینے کے لیے بنائے گئے ہیں۔

ACCESS HRA nyc.gov/accesshra* پر آن لائن درخواست دیں۔

FAIR FARES NYC nyc.gov/fairfares** پر آن لائن درخواست دیں۔

DSS خدمات کے بارے میں مزید جاننے کے لیے www.nyc.gov/hra اور nyc.gov/dhs ملاحظہ کریں۔